”بے شک انصاف کرنے والے اللہ کے ہاں رحمن عز و جل کے دائیں جانب نور کے منبروں پر ہوں گے جب کہ اللہ کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں

عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”بے شک انصاف کرنے والے اللہ کے ہاں رحمن عز و جل کے دائیں جانب نور کے منبروں پر ہوں گے جب کہ اللہ کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں یہ وہ لوگ ہوں گے، جو اپنی رعایا، اپنے اہل و عیال اور اپنے ماتحت لوگوں میں عدل و انصاف کرتے ہوں گے“

[صحیح] [رواہ مسلم]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم بتا رہے ہیں کہ جو لوگ اپنے ماتحت لوگوں اور گھر والوں کے بیچ اپنے فیصلوں میں انصاف سے کام لیتے ہیں اور حق کے تقاضوں کو پورا کرتے ہیں، وہ قیامت کے دن ایسی اونچی جگہوں میں بیٹھے ہوں گے، جو نور سے بنے ہوں گے یہ نور سے بنی ہوئی اونچی جگہیں ان کی عزت افزائی کے لیے بنائی گئی ہوں گی یہ اونچی جگہیں نہایت مہربان اللہ کے دائیں جانب واقع ہوں گی قابل توجہ بات یہ ہے کہ اللہ کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/4935